WWW.ASIAURDU.COM

20 JULY 2026

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح — ABC CERTIFIED — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY ASIA URDU MULTAN

روزنامہ
ایشیاء اردو
ملتان/پاکستان

ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

رجسٹرڈ نمبر ایم/358

جلد نمبر 4 | پیر 05 صفر المظفر 1448ھ 20 جولائی 2026ء 04 ساون صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 212

طلبہ کو سود سے پاک اقساط کے تحت ملیں گی، درخواستیں پورٹل کے ذریعے دی جاسکیں گی، وزیر اعلیٰ پنجاب

مریم نواز کا ایک اور بڑا عوامی اقدام
ایک لاکھ طالبات کو مفت الیکٹرک بائیکس دینے کا فیصلہ

درخواست دہندہ کا ایچ ای سی سے منظور شدہ کالج، یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہونا لازمی، اہلیت کیلئے عمر کی حد کم از کم 18 سال (کچھ شعبوں میں 35 سال کی عمر تک چھوٹ) ہوگی

لاہور (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب کی طالبات کے لیے الیکٹرک بائیک اسکیم 2026 متعارف کرائی ہے، جس کے تحت ایک لاکھ طالبات کو مفت الیکٹرک بائیکس تقسیم کی جائیں گی۔ اس پروگرام کے تحت صوبے بھر کے طلبہ میں ایک لاکھ الیکٹرک بائیکس تقسیم کی جائیں گی۔ طالبات کو یہ بائیکس بالکل مفت ملیں گی جب کہ طلبہ کو یہ سستی اور سود سے پاک اقساط کے تحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی کی منفی ہتھکنڈوں کی سیاست دفن ہو چکی، عطا تارڑ

نورین نیازی کا بیان قابل مذمت، سیاست کی خاطر ریاست کی بے توقیری قبول نہیں

ہجرت کرنے والے کشمیریوں کی حب الوطنی کو شک کی نگاہ سے نہیں دیکھنے دیا جائے گا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی نے اپنے بھائی کی سیاست کے پیچھے ایسے بیانات دیے جو بھارتی میڈیا کی زینت بنے، جبکہ ان کے بیان پر عوام میں انتہائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بی این پی دہشت گردی کیخلاف آپریشن کی حامی

ڈار سے ڈاکٹر عبدالمالک کے قیادت میں وفد کی ملاقات، مسائل پر گفتگو

نائب وزیراعظم کا بلوچستان کی معاشی خوشحالی کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (پینانیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان کی معاشی خوشحالی کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے بلوچستان کے وفد سے ملاقات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

چاہتا ہوں کشمیر کا ایم این اے بھی قومی اسمبلی میں بیٹھا ہو
آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی، بلاول

الیکشن جیت کر عوام کو حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار دلواؤں گا، ہم مل کر آزاد کشمیر کے مسائل حل کریں گے

آزاد کشمیر کے موجودہ حالات سے ہر کوئی پریشان ہے، احتجاج کرنے والے کشمیریوں کو سزا دے رہے ہیں، جلسے سے خطاب

کوٹلی (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی تاریخ کا یہ اہم ترین الیکشن ہے، گلگت بلتستان کے بعد آزاد کشمیر میں بھی پیپلز پارٹی کی حکومت بنائیں گے۔ آزاد کشمیر کے شہر کوٹلی میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے منشور کے مطابق گلگت بلتستان کے عوام سے وعدہ کیا۔ پیپلز پارٹی کو مینڈیٹ دینے پر گلگت بلتستان کے عوام کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کوٹلی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے، وفاقی وزراء

معرکہ حق ایک تاریخی کامیابی ہے، معرکہ حق میں پاکستان کی فتح کو دنیا نے تسلیم کیا، وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری

بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے، نورین نیازی کا بیان انتہائی افسوسناک ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (پینانیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

افغان معیشت تباہی کا شکار، عوام بدترین معاشی بحران سے دوچار

قابض طالبان کے معاشی کامیابیوں کے دعوے کوسوں دور، یورپی میڈیا

کابل (پینانیوز) طالبان رجیم کی ناقص اقتصادی پالیسیوں کے باعث افغانستان کا معاشی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ ابتر ہونے لگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قابض طالبان رجیم کے 5 سالہ ترقیاتی حکمت عملی ناکام، معاشی کامیابیوں کے بلند و بانگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

گلگت، چیئرمین این ڈی ایم اے گلگت بلتستان ڈی ایم اے ٹیم کے ہمراہ دورہ کر رہے ہیں

امریکی حملے، ایران کا منہ توڑ جواب، بحرین، کویت پر میزائل برسا دیئے، عراق میں کرتھ کانوں کو بھی نشانہ بنایا

ایران امریکا کشیدگی میں کمی کیلئے پھر پاکستان سے آس لگاتے

ایرانی وزیر داخلہ آج اسلام آباد پہنچیں گے، اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں ہونگی، تہران ڈیل پر عمل نہیں کر رہا تو کوئی فکر نہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

حالات تبدیلی تک آبنائے ہرمز بند رہے گی، پاسداران انقلاب، امریکہ نے مشرق وسطیٰ میں لڑاکا طیاروں کی دوبارہ تعیناتی شروع کر دی

اسلام آباد، تہران، واشنگٹن، بغداد، کویت سٹی، منامہ، ابوظہبی، ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران امریکا کی کشیدگی بڑھنے پر پاکستان نے سفارتی کوششیں تیز کر دی ہیں اور ایران کے وزیر داخلہ اہم دورہ پر آج اسلام آباد پہنچیں گے دوسری طرف امریکا نے ایک بار پھر ایران پر حملے کیے ہیں جس کے جواب میں ایران نے کویت اور بحرین میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

غزہ میں اسرائیلی حملے، 3 بچوں سمیت 11 فلسطینی شہید

رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں پانچ افراد پر مشتمل خاندان لقمہ اجل

غزہ (پینانیوز) اسرائیل نے غزہ میں تازہ حملے میں تین بچوں سمیت 11 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ غزہ کی سول ڈیفنس ایجنسی کے مطابق شمال مغربی غزہ شہر میں ایک رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں پانچ افراد پر مشتمل ایک خاندان، تین بچے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایران کا 1 ہی دن 2 امریکی ایم کیو نائن ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

ایرانی پاسداران انقلاب نے جمعرات کو بھی امریکی ڈرون گرایا تھا

تہران (پینانیوز) ایرانی پاسداران انقلاب نے ایک ہی دن میں دو امریکی ایم کیو نائن ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کر دیا۔ ترجمان ایرانی فوج کے مطابق ایک ڈرون بوشہر اور دوسرا اہواز میں دفاعی نظام کے ذریعے گرایا گیا۔ آج گرائے جانے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ایران کے جدید ترین میزائلوں سے امریکی دفاعی نظام بے بس

راستہ تبدیل کرنے والے میزائلوں کو روکنا دفاعی نظام کیلئے بڑا چیلنج بن چکا، امریکی عہدیدار

واشنگٹن (پینانیوز) ایک امریکی عہدیدار نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے امریکی فضائی دفاعی نظام کے خلاف اپنی فوجی حکمت عملی میں اہم تبدیلیاں کی ہیں، جس کے باعث اس کے میزائل پہلے کے مقابلے میں زیادہ موثر اور خطرناک ثابت ہو رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

گودی میڈیا کا نورین نیازی کے بیان پر پاکستان کیخلاف پروپیگنڈا

راولپنڈی (پینانیوز) بھارتی گودی میڈیا نے نورین نیازی کے متنازع بیان کو پاکستان کیخلاف پروپیگنڈے کا ہتھیار بنالیا۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

کینیڈا کی وزیر خارجہ پیر کو سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچیں گی

نائب وزیراعظم سمیت پاکستانی قیادت سے ملاقاتیں ہوں گی، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (پینانیوز) کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند اپنے پہلے سرکاری دورے پر کل پاکستان پہنچیں گی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق انیتا آنند کو دورے کی دعوت نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے دی تھی۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد انیتا آنند کا یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

جنوبی ایشیا میں امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے، محسن نقوی

پاکستان کیساتھ کشمیر کے رشتے مشترکہ تاریخ، عقیدے جغرافیے کے مضبوط بندھن میں بندھے ہوئے ہیں

پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی غیر مشروط اور اصولی حمایت جاری رکھے گا، یوم الحاق پاکستان پر بیان

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا یوم الحاق پاکستان پر آزادی کی شمع کو روشن رکھنے والے تمام کشمیری شہداء اور حریت رہنماؤں کو سلام پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان دہشتگردی اور پاک فوج کے کردار کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیر ہماری شہ رگ، پاکستان اور کشمیر کا لازوال رشتہ چیلنج کیا جا رہا ہے، خواجہ آصف

جس پس منظر میں الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ کشمیر کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے

کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے، ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی، جنہوں نے خون بہایا

سیالکوٹ (پینانیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے اور ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

مالی میں فوجی قافلے پر حملہ، 50 اہلکار ہلاک، متعدد زخمی

متاثرہ علاقے میں اضافی دستے روانہ کر دیے گئے ہیں، حکام

مالی (پینانیوز) مالی میں ایک فوجی قافلے پر حملے میں کم از کم 50 اہلکار ہلاک ہو گئے ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق یہ حملہ ملک کے شمالی و وسطی علاقوں میں جاری شورش کے دوران پیش آیا جہاں شدت پسند گروہ اور مسلح تنظیمیں کئی برسوں سے سرگرم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

وفاقی وزیر اطلاعات کی گاڑی کے قریب فائرنگ، ملزم گرفتار

لاہور (پینانیوز) لاہور کے علاقے ڈیفنس میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی گاڑی کے قریب ہوائی فائرنگ کرنے والے نوجوان کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ملک کے نامور صنعتکار کو لاہور ایئر پورٹ پر روک لیا گیا

صنعتکار کو اربوں روپے کی بجلی چوری کے مقدمے میں نام پی سی ایل میں ہونے پر روکا گیا

لاہور (پینانیوز) ملک کے نامور صنعتکار کو لاہور ایئر پورٹ پر روک لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق صنعتکار کے خلاف اربوں روپے کی بجلی چوری کا مقدمہ درج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

NCCIA کا نورین نیازی کو نوٹس، 20 جولائی کو طلبی

عدم تعمیل پر پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 174 کے تحت قانونی کارروائی ہو سکتی ہے نوٹس

اسلام آباد (پینانیوز) نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی نے بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 20 جولائی کو طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نورین نیازی کو ضابطہ فوجداری کی دفعہ 160 کے تحت نوٹس بھیجا گیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

فیملی وی لاگرز ہمارے بچوں کو خراب کر رہے ہیں، حنا پرویز بٹ

لاہور (پینانیوز) پاکستان مسلم لیگ ن کی رہنما حنا پرویز بٹ نے سوشل میڈیا بالخصوص ٹک ٹاک لائیو اور فیملی وی لاگنگ کے ذریعے پھیلنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

مجھے میرے ماں باپ نے سرنڈر ہونے کیلئے پیدا ہی نہیں کیا، فضل الرحمان

میں نے کوئی غلط بات نہیں کی، میں آپ کی پالیسیوں سے اختلاف کر رہا ہوں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ میں نے کوئی غلط بات نہیں کی، میں آپ کی پالیسیوں سے اختلاف کر رہا ہوں، تو آپ میرے بیان کی از خود تشریح کر کے میری کردار کشی کر کے سمجھتے ہیں کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

کوکین کوئن عرف پنکی کا بھائی منشیات سمیت گرفتار

چرس، آئس، موبائل فون، پرس، قومی شناختی کارڈ اور نقد رقم برآمد

کراچی (پینانیوز) کراچی میں ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش اور کوکین گینگ کی سربراہ انمول عرف پنکی کے بھائی کامران مراد کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی ایسٹ زبیر نظیر شیخ کے مطابق جمشید کوارٹر تھانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

عمرہ زائرین میں 22 فیصد سے زائد اضافہ، پاکستان پہلے نمبر پر آگیا

انڈونیشیا سے تقریباً 1 لاکھ 70 ہزار اور عراق سے 1 لاکھ 30 ہزار معتمرین سعودی عرب آئے

اسلام آباد، مکہ مکرمہ (پینانیوز) سعودی وزارت حج و عمرہ نے اعلان کیا ہے کہ رواں عمرہ سیزن کے آغاز سے اب تک عمرہ زائرین کی تعداد میں 22.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ مختلف ممالک سے آنے والے معتمرین میں پاکستانی زائرین کی تعداد سب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ضرورت سے زیادہ طاقت کا استعمال ریاستی وحدت میں دراڑیں ڈال دیتا ہے، سعد رفیق



لاہور (پینانیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ ہر مخالفت کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

مخدوم جاوید ہاشمی، ان کے داماد ظہیر ہاشمی اور شاہ زیب ہاشمی کے خلاف مقدمات درج

میپکو حکام نے سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی کو بجلی چوری کرتے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا، تین میٹر منقطع، مقدمات درج، بھاری جرمانہ عائد

بجلی چور بااثر سیاستدان کئی بار میٹر ریڈرز کو دھمکیاں بھی دے چکا تھا اس لیے سیکیورٹی فورسز کی مدد سے کارروائی کی گئی، میپکو حکام

ملتان (کرائم رپورٹر) میپکو حکام نے سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی کو بجلی چوری کرتے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔ تین میٹر منقطع، مقدمات درج، لاکھوں روپے کا بھاری جرمانہ عائد، میپکو مخدوم رشید سب ڈویژن کے ایس ڈی او محمد بلال نے ایم اینڈ ٹی، ٹاسک فورس اور پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہاشمی ہاؤس مخدوم رشید کے میٹرز چیک کیے تو تین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا سے 10 لاکھ پاکستانیوں کے متاثر ہونے کا خدشہ

علاج سے متعلق معاہدہ سنگ میل، ڈریپ نے نئی دوا کی جلد دستیابی کیلئے ریگولیٹری عمل تیز کر دیا

پاکستان اور چین کے درمیان تعاون جدید علاج کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت ہے، وزیر صحت

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ہیپاٹائٹس ڈیلٹا کے علاج سے متعلق معاہدے کو دواسازی شعبے کیلئے اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈریپ نے نئی دوا کی جلد دستیابی کیلئے ریگولیٹری عمل تیز کر دیا ہے۔ اتوار کو وزارت قومی صحت سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے چینی کمپنی ہوا ہوائی ہیلتھ کے چیف ایگزیکٹو افسر نے ملاقات کی جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کشمیر اور پاکستان کا رشتہ جغرافیائی، مذہبی اور ثقافتی بنیادوں پر ہمیشہ قائم رہے گا، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کا کہنا ہے کہ کشمیر اور پاکستان کا رشتہ جغرافیائی، مذہبی اور ثقافتی بنیادوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں فیس بک اور انسٹا گرام کی سروسز متاثر

جب بھی سائن ان ہوتے ہیں اکاؤنٹ کی عارضی عدم دستیابی کا میسج سامنے آتا ہے، صارفین

نیویارک (پینانیوز) پاکستان سمیت دنیا بھر میں میٹا کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک اور انسٹا گرام کی سروسز متاثر ہوگئیں۔ فیس بک اور انسٹا گرام کی سروسز متاثر ہونے کی وجہ سے دنیا کے مختلف ممالک میں صارفین کو ان پلیٹ فارمز پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ایرانی وزیر داخلہ (آج) اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان آئینگے، ذرائع

اسلام آباد (پینانیوز) ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی (آج) پیر کو اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ملتان: میپکو بوسن روڈ/سکندر آباد/شجاع آباد سب ڈویژنوں کے مختلف علاقوں میں میپکو کی ٹیمیں سیکیورٹی فورسز کے ہمراہ بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آپریشن کر رہی ہیں

سپریم کورٹ، بانی PTI سے ملاقاتوں کے کیس کی سماعت (آج) ہوگی

اسلام آباد (پینانیوز) سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں کے کیس کی سماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

حق خودارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق، حنیف عباسی

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں کا فوری نوٹس لے

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ یوم الحاق پاکستان کشمیری عوام کی آزادی اور حق خودارادیت سے وابستگی کی تجدید کا دن ہے، کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو طاقت سے دبایا نہیں جاسکتا، پاکستان کا ہر شہری کشمیری بھائیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پولیس کا انوکھا کارنامہ، 7 سالہ بچے کو ہتھکڑی لگا کر عدالت میں پیش

ڈیوٹی مجسٹریٹ پولیس پر برہم، کم عمر بچے کو ری ہیبلیٹیشن سنٹر بھجوانے کا حکم

ملتان (کرائم رپورٹر) ملتان میں پولیس کا انوکھا کارنامہ، 7 سالہ بچے کو ہتھکڑی لگا کر عدالت میں پیش کر دیا، ڈیوٹی مجسٹریٹ پولیس پر برہم 14 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کر کے کم عمر بچے کو ری ہیبلیٹیشن سنٹر بھجوانے کا حکم، تھانہ بستی ملوک پولیس نے تیسری جماعت کے طالبعلم پر زیادتی کا مقدمہ درج کر کے ہتھکڑی میں جکڑ کر عدالت میں ڈیوٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ہائیکورٹ میں رواں ہفتے 5 ڈویژن، 11 سنگل بنچ کیسز کی سماعت کرینگے

لاہور (پینانیوز) لاہور ہائیکورٹ میں رواں ہفتے 5 ڈویژن بنچز جبکہ 11 ججز بطور سنگل بنچ کیسز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

رواں سال خسرہ سے اموات کی تعداد 102 ہو گئی، سندھ سر فہرست

آزاد کشمیر 616 سے 216، گلگت بلتستان میں خسرہ کے 64 کیسز مثبت ثابت ہوئے

خیبرپختونخوا میں 27، پنجاب میں 15 اور بلوچستان میں 7 اموات ہوئیں

اسلام آباد (پینانیوز) رواں سال ملک بھر میں اب تک خسرہ سے اموات کی تعداد 102 ہو گئی۔ وفاقی وزارت صحت کے ذرائع کے مطابق اب تک ملک بھر میں خسرہ کے باعث سب سے زیادہ اموات سندھ میں رپورٹ ہوئیں۔ سندھ میں اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پنجاب بار نے تصدیق شدہ ڈگری جمع نہ کرانے پر 1133 وکلاء کے لائسنس معطل کر دیئے

لاہور (پینانیوز) پنجاب بار کونسل نے بائر ایجوکیشن کمیشن سے لاء کی تصدیق شدہ ڈگری جمع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

12 ارب کے مبینہ فراڈ اسکینڈل، فیسکو کے 2 سابق چیف ایگزیکٹو گرفتار

لائسنس کے بغیر بجلی فروخت کی گئی اور معاہدہ ختم ہونے کے بعد بھی سپلائی جاری رہی، الزام

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) فیصل آباد ایف آئی اے نے پاور سیکٹر میں مبینہ 12 ارب روپے کے کرپشن اسکینڈل پر فیسکو کے 2 سابق چیف ایگزیکٹو افسران کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق 2007 سے 2015 کے دوران دو نجی کمپنیز نے فیسکو حکام کی مبینہ ملی بھگت سے غیر قانونی بجلی خرید و فروخت کے ذریعے قومی خزانے کو تقریباً (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ساؤتھ ائیر نے رحیم یار خان کیلئے فضائی آپریشنز کا آغاز کر دیا

افتتاحی پرواز کراچی سے رحیم یار خان پہنچی، جس میں 56 مسافروں نے سفر کیا۔ اس روٹ کی گراؤنڈ ہینڈلنگ کی ذمہ داری SPAS نے انجام دی

South Air کی جانب سے رحیم یار خان کو اپنے نیٹ ورک میں شامل کرنا علاقائی فضائی رابطوں کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے

ملتان (سٹی رپورٹر) پاکستان کی نجی ایئرلائن South Air نے رحیم یار خان کے لیے اپنی فضائی سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ افتتاحی پرواز کراچی سے رحیم یار خان پہنچی، جس میں 56 مسافروں نے سفر کیا۔ اس روٹ کی گراؤنڈ ہینڈلنگ کی ذمہ داری (Shaheen Airport Services SPAS) نے انجام دی، جبکہ افتتاحی پرواز کے موقع پر ایئرپورٹ پر خوشی اور جوش و خروش کا ماحول دیکھنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

شکوہ ہے افغان سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہو رہی ہے، نعیم الرحمن

اس میں اگر قبائل کے لوگوں کو بھرپور نمائندگی دی جائے تو ایک ایسا گریٹر جرگہ بن سکتا ہے جو اس مسئلے کو حل کر سکتا ہے

ریاست پاکستان اور علماء کے ذریعے بات چیت کی جائے، ناراضی حکومت یا پالیسی سے ہو سکتی ہے عوام نے کیا قصور کیا ہے، انٹرویو

کراچی (پینانیوز) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے افغانستان کی عبوری حکومت سے شکوے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان طالبان سے بہت بڑا شکوہ ہے کہ آپ کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے اور آپ اسے روک نہیں پا رہے۔ ایک انٹرویو میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ریاست پاکستان اور علما کے ذریعے بات چیت کی جائے، بین الاقوامی سطح پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

روزنامہ
ایشیا اردو
ملتان / پاکستان

ڈیزائنر: نوید شہزاد

ملتان کے سرکاری سکولوں میں NSB فنڈز کا معمہ

رقم کم یا نظام کمزور؟

تحریر: خالد محمود

ملتان کے نواحی علاقے موضع لوٹھڑ میں واقع ایک سرکاری ہائی اسکول کی عمارت کے صحن میں بارش کا پانی جمع ہے۔ کلاس رومز کی چھتوں میں دراڑیں پڑ چکی ہیں، واش روم ناکارہ ہیں اور پینے کے صاف پانی کی سہولت بھی محدود ہے۔ اس اسکول کے ایک طالب علم کے والد محمد رمضان کہتے ہیں ہر سال سنتے ہیں کہ حکومت نے اسکول کے لیے فنڈ جاری کیے ہیں لیکن بچوں کو سہولتیں آج بھی میسر نہیں۔ یہ صرف ایک اسکول کی کہانی نہیں بلکہ ضلع ملتان کے متعدد سرکاری ہائی اور ہائر سیکنڈری اسکولوں کی صورتحال کی عکاسی کرتی ہے جہاں نان سیلری بجٹ (NSB) فنڈز کے اجرا اور ان کے عملی اثرات کے درمیان واضح فرق دکھائی دیتا ہے۔ نان سیلری بجٹ (NSB) فنڈز پنجاب حکومت کی جانب سے سرکاری اسکولوں کو تنخواہوں کے علاوہ دیگر ضروری اخراجات کے لیے فراہم کیے جاتے ہیں۔ ان فنڈز کا مقصد اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، معمولی مرمت، صفائی ستھرائی، بجلی و پانی کے بل، تدریسی سامان اور دیگر انتظامی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ لیکن لوٹھڑ کے سرکاری ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر کہتے ہیں کہ نان سیلری بجٹ رقم ناکافی ہونے کی وجہ سے سکول کے تعمیراتی کام نامکمل رہے اس رقم سے صرف یوٹیلیٹی بلز ادا کے گے، اور کلیر گیور (ای سی ای) کی مہینہ کی تنخواہ ادا کی گی پنجاب ایجوکیشن سیکٹر ریفارم پروگرام (PESRP) کے تحت یہ فنڈز مختلف سطحوں کے اسکولوں کو طلبہ کی تعداد اور دیگر طے شدہ معیار کے مطابق فراہم کیے جاتے ہیں۔ تاہم سوال یہ ہے کہ کیا یہ فنڈ واقعی ان مقاصد کے لیے استعمال ہو رہے ہیں جن کے لیے جاری کیے جاتے ہیں؟ محکمہ تعلیم کے ریکارڈ کے مطابق ضلع ملتان کے سرکاری اسکولوں کو گزشتہ برسوں میں پنجاب حکومت نے مالی سال 2024 میں تمام اضلاع کے پرائمری، ایلیمنٹری، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں کے NSB کے لیے مجموعی طور پر 4.517 ارب روپے کی رقم اضلاع کے اکاؤنٹس میں جاری کرنے کی منظوری دی تھی، جبکہ مختص رقم 180686 ارب روپے تھی۔ اگر صرف ملتان ضلع کی بات کی جائے تو 2024-2025 جون تک 10 کروڑ 80 لاکھ 97 ہزار روپے ضلع کے سرکاری سکولوں کے اخراجات کے لیے این ایس بی فنڈز جاری کیے گئے۔ اسکول سربراہان کو یہ فنڈز سکول کونسلوں کے ذریعے استعمال کرنے کی اجازت دی جاتی ہے جبکہ اخراجات کا ریکارڈ بھی مرتب کیا جاتا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس محکمہ تعلیم ملتان کے مطابق تمام فنڈز مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت جاری کیے جاتے ہیں اور ان کے استعمال کا ریکارڈ محفوظ رکھا جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اسکول کونسلیں اخراجات کی منظوری دیتی ہیں اور متعلقہ دستاویزات جمع کروائی جاتی ہیں۔ تحقیق کے دوران ملتان کے مختلف سرکاری ہائی اسکولوں کے دوروں میں معلوم ہوا کہ متعدد اداروں میں بنیادی سہولیات کا فقدان موجود ہے۔ کئی اسکولوں میں پینے کے صاف پانی کی مناسب سہولت موجود نہیں۔ واش رومز کی حالت ناقص ہے۔ چار دیواری یا ورگیٹس کو مرمت کی ضرورت ہے۔ فرنیچر کی کمی نمایاں ہے۔ کلاس رومز میں پنکھے اور برقی آلات ناکارہ ہیں۔ ان حالات نے یہ سوال پیدا کیا کہ اگر فنڈز باقاعدگی سے جاری ہوتے ہیں تو سہولیات کی کمی کیوں برقرار ہے؟ سکول کونسل ممبران کیا کہتے ہیں کہ بعض اوقات فنڈز موصول تو ہو جاتے ہیں مگر ان کی مقدار ضروریات کے مقابلے میں ناکافی ہوتی ہے ان کے مطابق اسکولوں کی ضروریات مسلسل بڑھ رہی ہیں جبکہ دستیاب وسائل محدود ہیں۔ ایک اور سکول کونسل کے مطابق اخراجات کی نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے تاکہ والدین اور کمیونٹی کے افراد بھی فنڈز کے استعمال سے مکمل طور پر آگاہ رہ سکیں۔ سوشل ورکر کا کہنا ہے کہ این ایس بی فنڈز کے ذریعے ہونے والی بعض خریداریوں میں شفافیت کے حوالے سے سوالات سامنے آتے ہیں۔ اکثر والدین اور مقامی کمیونٹی کو معلوم ہی نہیں ہوتا کہ اسکول نے کون سا سامان خریدا، کتنی قیمت پر خریدا اور اس کی ضرورت کیا تھی۔ اسی طرح گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول کے نمائندے کے مطابق خریداری کے لیے قواعد موجود ہیں لیکن ان پر عملدرآمد کا معیار ہر جگہ یکساں نہیں۔ تعلیمی ماہرین کے مطابق این ایس بی فنڈز کے استعمال کی نگرانی بنیادی طور پر سکول کونسلوں، محکمہ تعلیم اور آڈٹ کے نظام کے ذریعے کی جاتی ہے۔ تاہم دستیاب معلومات سے ظاہر ہوتا ہے کہ فنڈز کے استعمال سے متعلق تفصیلی سکول وار آڈٹ رپورٹس عام شہریوں کی دسترس میں نہیں ہوتیں۔ یہی وجہ ہے کہ شفافیت اور احتساب کے حوالے سے سوالات جنم لیتے ہیں۔ ڈان اخبار کی ایک 2017 میں شائع ہونے والی رپورٹ میں 551.811 ملین روپے استعمال نا ہونے کے باعث واپس لیپ ہو گے تھے ضلع لیہ میں کروڑوں روپے کے این ایس بی فنڈز کے لیپس ہونے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی سفارش کا ذکر کیا گیا تھا۔ اسی طرح دیگر رپورٹس میں فنڈز کی بروقت فراہمی نہ ہونے کے باعث ترقیاتی سرگرمیوں کے متاثر ہونے کی نشاندہی کی گئی طلبہ اور والدین پر اثرات فنڈز کے مؤثر استعمال یا عدم استعمال کا براہ راست اثر طلبہ پر پڑتا ہے۔ ناقص عمارتیں، خراب واش رومز، غیر فعال پنکھے اور پانی کی عدم دستیابی تعلیمی ماحول کو متاثر کرتے ہیں۔ محمد آصف، جن کے بچے سرکاری سکول میں زیر تعلیم ہیں، کہتے ہیں حکومت تعلیم پر خرچ کر رہی ہے لیکن اس کے نتائج اسکولوں میں واضح نظر آنے چاہئیں۔ اگر فنڈز خرچ ہو رہے ہیں تو والدین کو بھی معلوم ہونا چاہیے کہ کہاں خرچ ہوئے۔ ماہرین کیا تجویز کرتے ہیں؟ تعلیمی امور کے ماہرین کے مطابق: تمام اسکولوں کے این ایس بی فنڈز کی تفصیلات عوامی ویب پورٹل پر شائع کی جائیں۔ سکول کونسلوں میں والدین کی مؤثر نمائندگی یقینی بنائی جائے۔ سالانہ آڈٹ رپورٹس کو عوامی دسترس میں لایا جائے۔ فنڈز کے استعمال کی تصاویر اور ثبوت آن لائن اپ لوڈ کیے جائیں۔ کمیونٹی مانیٹرنگ کا نظام متعارف کرایا جائے۔ ضلع ملتان کے سرکاری ہائی اسکولوں میں این ایس بی فنڈز کے اجرا اور زمینی حقائق کے درمیان موجود فرق شفافیت اور نگرانی کے نظام پر اہم سوالات اٹھاتا ہے اگرچہ محکمہ تعلیم کے مطابق فنڈز قواعد کے مطابق خرچ کیے جا رہے ہیں، تاہم متعدد اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی کمی اس بات کی متقاضی ہے کہ فنڈز کے استعمال کا آزادانہ جائزہ لیا جائے۔ تعلیم کے شعبے میں مختص وسائل کا اصل مقصد طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے۔ جب تک فنڈز کے اجرا سے لے کر ان کے استعمال تک مکمل شفافیت اور مؤثر نگرانی یقینی نہیں بنائی جاتی، تب تک سرکاری ریکارڈ اور زمینی حقیقت کے درمیانیہ فاصلہ برقرار رہنے کا خدشہ موجود رہے گا۔ آپ کا اٹھایا گیا ایشو بہت اہم ہے لیکن کیا ہم اس میں کچھ ویلیو ایڈ کر سکے، کیا ہم یہ بتا سکے کہ مسئلہ کہاں آرہا ہے، آیا اخراجات کے مقابلے میں رقم کم ہے یا رقم بدنظمی کا شکار ہو رہی ہے، اس پہلو کو اجاگر کرنے سے یہ ایک بہت مضبوط اور عوامی مفاد کی اسٹوری بن سکتی ہے۔

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار
ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح ABC باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
DAILY ASIA URDU MULTAN روزنامہ
ایشیاء اردو
ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

کلاسیفائیڈ

شرائط واطلاع مشتہرین وقارئین

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
"ایشیاء اردو" کلاسیفائیڈ اشتہارات خصوصی رعایتی پیکیج کے تحت 50روپے فی سطر اور کم ازکم 3 سطور میں بک کئے جائینگے ایک سطر میں 8 الفاظ ہونے چاہئیں۔
اوور رائٹنگ اور مشکوک مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔
اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا تو ادارہ اس کو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔
دو فون نمبروں میں ایک غلط یا ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ شائع ہونے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 2 دن میں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں۔
مشتہرین کی سہولت کیلئے مختلف علاقوں میں اشتہارات بکنگ سنٹر کھولے گئے ہیں اگر اشتہار کیلئے آفس آنے میں وقت ہو تو اپنے علاقے میں قائم کردہ روزنامہ ایشیاء اردو سنٹر میں ہمارے مقرر کردہ ریٹ پر اشتہار ا بک کروائیں۔
عوامی اشتہارات بشمول اتوار صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک بک کروائیں۔
اتوار کیلئے اشتہارات بروز جمعہ 5 بجے تک بک کروائے جاسکتے ہیں۔
فون نمبر: 0302-8652233

بقیہ 1

امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے،ایرانی فوج نے عراق میں کرد اپوزیشن کے ٹھکانوں پر بھی حملے کئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی آج پیر کو اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی کی دعوت پر دو روزہ دورے پر ایرانی وزیر داخلہ پاکستان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات کریں گے جن میں باہمی تعلقات، سرحدی تعاون، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال متوقع ہے، ایرانی وزیر داخلہ کے ہمراہ ایران کی مختلف وزارتوں کے اعلیٰ عہدیدار بھی ہوں گے۔ اردن میں 2 امریکی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ہدایت پر امریکی فوج نے مسلسل آٹھویں رات بھی ایران پر حملے کیے، بندرگاہی شہروں میں دھماکے ہوئے، امریکی فوج نے اعلان کیا ہے کہ اس نے ایران کے خلاف حملوں کا تازہ مرحلہ مکمل کرلیا ہے، ایرانی حکام اور میڈیا کے مطابق خوزستان اور ہرمزگان صوبوں کے مختلف علاقوں پر تازہ امریکی حملے کئے گئے، ایرانی فوج نے کویت میں دو امریکی فوجی اڈوں پر ڈرون حملوں میں اسلحہ ڈپو اور ریڈارز تباہ ہوگئے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے بیان میں کہا گیا ہے کہ نئے حملوں میں ایرانی فوج کی ساحلی نگرانی کی تنصیبات، فضائی دفاعی نظام، بحری صلاحیتوں اور میزائل و ڈرون ذخیرہ کرنے کے مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ حملے آبنائے ہرمز میں تجارتی جہاز رانی کو خطرات سے محفوظ بنانے، ایران کی صلاحیت کو مزید کمزور کرنے اور گزشتہ رات اردن میں امریکی فوجیوں پر حملے کرنے والی ایرانی فورسز کو فوری سزا دینے کے مقصد سے کیے گئے۔ دوسری جانب امریکی حملوں کے بعد ایران کی جوابی کارروائی کی گئی، ایرانی میڈیا نے ایرانی فوج کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس نے آپریشن لائٹننگ کے سولہویں مرحلے میں کویت میں واقع دو امریکی فوجی اڈوں کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی فوج کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ العدیری کیمپ میں ایک اسلحہ ڈپو، جبکہ علی السالم ایئر بیس پر پیٹریاٹ ریڈار اور فضائی نگرانی کے ایک ریڈار کو نشانہ بنایا گیا۔ ادھر ایرانی افواج نے شمالی عراق میں کرد اپوزیشن گروپ کے ٹھکانوں پر حملے کیے ہیں۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایران نے شمالی عراق میں موجود کردستان فریڈم پارٹی کے ٹھکانوں کو شدید حملوں کا نشانہ بنایا ہے۔ رپورٹس کے مطابق یہ حملے عراق کے کرد علاقے کے دو اہم شہروں اربیل اور سلیمانیہ میں موجود گروپ کے اڈوں پر کیے گئے۔ ادھر نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق اردن میں امریکی اڈوں پر ایرانی حملوں کے نتیجے میں درجنوں امریکی فوجی زخمی اور بڑی تعداد میں ہیلی کاپٹروں کو نقصان پہنچا۔ ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ کے ایک باخبر ذریعے نے آبنائے ہرمز کی موجودہ صورتحال پر کہا ہے کہ جب تک حالات تبدیل نہیں ہوتے، بحری جہازوں کی آمدورفت پر عائد پابندیاں برقرار رہیں گی۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ جب تک امریکا کی جانب سے حملے اور اشتعال انگیز سرگرمیاں جاری رہیں گی، آبنائے ہرمز بند رہے گی اور کسی بھی بحری جہاز کو وہاں سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ تہران آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمدورفت کے لیے تجویز کیے گئے جنوبی راستے کو کسی بھی صورت قبول نہیں کرے گا اور اس آبی گزرگاہ پر اپنی خودمختاری کا ہر قیمت پر دفاع کرے گا۔ ایران کی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے امریکی افواج کو براہ راست خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں ایران کے ممکنہ جوابی اقدامات سے بچنے کیلئے فوری طور پر نکل جانا چاہیے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے حملے میں دو امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے "انتہائی افسوسناک واقعہ" قرار دیا۔ ایک انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ دونوں فوجیوں نے اپنے ملک کی خدمت کرتے ہوئے جان قربان کی، امریکا کا بنیادی مقصد ایران کو کسی بھی صورت جوہری ہتھیار حاصل نہ کرنے سے روکنا ہے، تہران ڈیل پر عمل نہیں کر رہا تو ہمیں بھی کوئی فکر نہیں۔ دو فوجیوں کی ہلاکت کے بعد امریکی صدر نے ایران کیخلاف سخت کارروائی کا حکم دیتے ہوئے سینٹ کام کو ایران پر جہنم کے دروازے کھولنے کی ہدایت دی ہے۔ متحدہ عرب امارات نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی فوری ختم کرنے اور مذاکرات کی جانب واپس لوٹنے کا مطالبہ کردیا جبکہ سعودی عرب اور کویت کے وزیر خارجہ نے خطے کے ممالک پر ایران کی جانب سے کیے جانے والے حملوں کی مذمت کی ہے۔ بحرین کی دفاعی فورس کی جنرل کمانڈ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے ایک بار پھر بحرین میں شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، تاہم بحرینی فضائی دفاعی نظام نے تمام حملوں کو ناکام بنادیا۔ ادھر ایران کے ساتھ تصادم کا دائرہ وسیع ہونے کے ایک نئے اشارے ملے ہیں۔ امریکی اخبار کی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ امریکہ نے یورپ سے مشرق وسطیٰ میں لڑاکا طیاروں کی دوبارہ تعیناتی شروع کر دی ہے، جو ایران کے اندر اہداف کے خلاف اس کی فوجی کارروائیوں میں توسیع کے ساتھ ہی کی جارہی ہے یہ قدم امریکہ کی جانب سے بڑے پیمانے پر کشیدگی کے منظرنامے کے لیے آمادگی کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 2

فراہم کی جائیں گی۔ اہلیت کے لئے عمر کی حد کم ازکم 18 سال (کچھ شعبوں میں 35 سال کی عمر تک چھوٹ) ہوگی۔ درخواست دہندہ باضابطہ کسی ڈگری کالج یا یونیورسٹی کا طالب علم یا طالبہ ہو اور وہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) سے تسلیم شدہ ادارے میں تعلیم حاصل کر رہے ہوں۔ درخواست دہندہ کے پاس پنجاب کا درست ڈومیسائل ہونا ضروری ہے۔ طلبہ کے پاس درست موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس، یا لرنر کا ڈرائیونگ پرمٹ ہونا ضروری ہے۔ درخواست دہندہ کسی بھی رجسٹرڈ موٹر گاڑی کا مالک نہ ہو۔ ہر خاندان میں صرف ایک فرد کو الیکٹرک بائیک الاٹ کی جائے گی، چاہے ایک سے زیادہ بہن بھائی اہل ہوں۔ درخواستیں صرف آن لائن پنجاب حکومت کے پورٹل کے ذریعے ہی قبول کی جائیں گی۔ آن لائن اپلائی کرنے کیلئے سرکاری پورٹل کے ساتھ اپ ڈیٹ رہیں۔ طالب علم اپنا قومی شناختی کارڈ، اپنی تفصیلات یا رابطے کی معلومات دے کر خود کو رجسٹر یا لاگ ان کریں۔ آن لائن درخواست فارم مکمل کریں۔ مطلوبہ دستاویزات اپ لوڈ کریں۔ اپنی درخواست جمع کروائیں۔ اپنی درخواست کی تصدیق اور کمپیوٹرائزڈ بیلٹنگ کا انتظار کریں۔ آن لائن پورٹل کے ذریعے اپنی درخواست کی حیثیت کو ٹریک کریں۔ درخواست کیلئے طالب علم کا قومی شناختی کارڈ یا ب فارم، بونافائیڈ سرٹیفکیٹ (اگر ضرورت ہو)، پنجاب ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس یا لرنر پرمٹ، پاسپورٹ سائز کی تصاویر، خاندان کی اضافی تفصیلات یا حلف نامہ (طلب کرنے کی صورت میں) ضروری ہے۔

بقیہ 3

دوران بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنے کے وفاقی حکومت کے عزم کو دہرایا، انہوں نے بلوچستان کے عوام کی معاشی خوشحالی کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے صوبے میں دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشن کی حمایت کی اور بلوچستان کے عوام کی خوشحالی کے لیے پارٹی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ اور طارق باجوہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 4

غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ سیاست کی خاطر ریاست کی بے توقیری قابل قبول نہیں۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عطااللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ہے تو سب کچھ قائم ہے۔ پی ٹی آئی کی منفی ہتھکنڈے استعمال کرنے کی سیاست دفن ہو چکی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا کے مسائل پر انہوں نے کبھی تنقید نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اپنی سیاست کی خاطر پاکستان کو بدنام کرنا چاہتے ہیں۔ نورین نیازی کی پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کو تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی، جبکہ پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرنے والوں کو ہمیشہ رسوائی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ آج پوری دنیا میں پاکستان کی عزت و وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے اور پاکستان کی عزت و وقار میں اضافے کا یہ سفر ہمیشہ جاری رہے گا۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ مسلم لیگ ن خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور مسلم لیگ ن کی خواتین رہنماؤں نے ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کا ہر ورکر ملکی ترقی پر یقین رکھتا ہے۔ کارکن ہر مشکل وقت میں ساتھ کھڑے رہے، جبکہ وہ کارکنوں کی جانب سے دی گئی عزت کے مشکور ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کشمیریوں کا ایک ہی نعرہ ہے، کشمیر بنے گا پاکستان، جبکہ دنیا بھر کے کشمیریوں کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہجرت کرنے والوں کی قربانیاں تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گی اور ہجرت کرنے والے کشمیریوں کی حب الوطنی کو شک کی نگاہ سے نہیں دیکھنے دیا جائے گا۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ کشمیر کاز کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنائیں گے، جلاؤ گھیراؤ اور تشدد کی سازش کو بھی ناکام بنایا جائے گا، جبکہ کشمیر میں ہونے والے انتخابات بہت اہمیت کے حامل ہیں۔

بقیہ 5

مشکور ہوں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ الیکشن جیت کر عوام کو حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار دلواؤں گا۔ چاہتا ہوں کہ لاڑکانہ کے ایم این اے کے ساتھ کشمیر کا ایم این اے بھی قومی اسمبلی میں میرے ساتھ بیٹھا ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت بنائیں گے۔ ایک ہی جماعت ہے جو روزگار کے مواقع فراہم کرتی ہے اور وہ پاکستان پیپلز پارٹی ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا منشور ہے کہ کشمیر کے فیصلے کشمیر کے عوام کریں۔ آزاد کشمیر کے موجودہ حالات سے ہر کوئی پریشان ہے جبکہ احتجاج کرنے والے کشمیریوں کو سزا دے رہے ہیں۔ بلاول بھٹو نے مطالبہ کیا کہ آزاد کشمیر میں پیدا ہونے والی صورت حال پر ایک ٹروتھ کمیشن بنایا جائے اور جب تک ٹروتھ کمیشن نہ بن جائے احتجاج ختم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مل کر آزاد کشمیر کے مسائل حل کریں گے اور ہمیں مل کر کشمیر کے حالات بہتر کرنے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر کا پورا خطہ ہڑپ کرنے کے درپے ہے، تاہم وہ عالمی فورمز پر کشمیریوں کا دفاع کرتے ہوئے مودی حکومت کو بھرپور جواب دیتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کشمیری مسلمانوں کو دہشت گرد قرار دینے کے بیانیے کو مسترد کرتے ہیں اور مودی سرکار کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور بے بنیاد الزامات کا مقابلہ کریں گے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی آواز کو دبایا نہیں جاسکتا، جنوبی ایشیا میں امن کے لیے تنازعات کا منصفانہ حل ضروری ہے۔ بلاول بھٹو نے کارکنوں سے اپیل کی کہ چوہدری یاسین کو دونوں نشستوں پر بھاری اکثریت سے کامیاب بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں حلقوں کی انتخابی ذمہ داری چوہدری یاسین کے سپرد کر دی گئی ہے، جنہوں نے مشکل حالات میں بھی دونوں نشستیں کامیابی سے جیتیں۔

بقیہ 6

فضل چوہدری نے کہا ہے کہ معرکہ حق سے متعلق نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیانات کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ اپنے بیان میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ معرکہ حق ایک تاریخی کامیابی ہے، معرکہ حق میں پاکستان کی فتح کو دنیا نے تسلیم کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بارہا پاکستان کی فتح کا ذکر کیا، معرکہ حق میں پاکستان کی فتح نے پوری دنیا کو حیرت میں ڈال دیا۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ نورین نیازی کا بیان پاکستان کی سالمیت، عزت اور وقار کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیانات کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ کے بیان پر افسوس ہوا۔ پوری ان کے بیان کی مذمت کرتی ہے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اپنے بیان میں کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے، نورین نیازی کا بیان انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور خاندان کے بچوں کی پرورش ہو یا فنڈنگ، بیانیہ پاکستان مخالف ہے، نورین نیازی کے بیان سے ثابت ہوا کہ یہ پاکستان کے خلاف پراکسیز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لائی پاکستان کی معیشت پر بھی حملہ آور ہوئی، ان کا ہدف صرف ادارے نہیں بلکہ پاکستان ہے۔ پی ٹی آئی نے پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کیلئے ہر جتن کیے۔ پی ٹی آئی نے آئی ایم ایف کو خط لکھے اور مالیاتی ادارے کے باہر مظاہرے کیے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی فیملی پاکستان کو کمزور کرنے کے درپے ہے۔ اسرائیل اور بھارت کے گٹھ جوڑ کے باوجود پاکستان کی فتح نے مسلمانوں کا سر فخر سے بلند کردیا۔

بقیہ 7

دعوے زمینی حقیقت سے کوسوں دور ہیں۔ امریکی تعاون سے چلنے والے معروف بین الاقوامی میڈیا نیٹ ورک ریڈیو فری یورپ، ریڈیو لبرٹی کی رپورٹ کے مطابق طالبان رجیم میں افغان معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے، بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری اور سرمایہ کاری کے فقدان نے عوام کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ مئی میں سالانہ مہنگائی کی شرح 8 فیصد تک پہنچ گئی، جبکہ پچھلے سال اسی مہینے میں یہ شرح 5.0 فیصد تھی، اشیائے خورونوش افغان عوام کی پہنچ سے دور ہیں، غذائی اشیا کی قیمتوں میں 2.8 فیصد تک اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 8

اوران کے والدین شہید ہو گئے۔ ایجنسی کے ترجمان، محمود بسال نے کہا خاندان کا واحد زندہ بچ جانے والا ایک بچہ ہے جو حملے کے وقت گھر پر موجود نہیں تھا۔ الشفا اور الاہلی بیپٹسٹ ہسپتالوں کے طبی ذرائع نے بتایا کہ انہیں غزہ شہر کے جنوب مشرق میں زیتون کے محلے میں اسرائیلی توپ خانے کی گولہ باری کے بعد تین فلسطینیوں کی لاشیں اور دو زخمی ملے ہیں۔ الشفا ہسپتال کے ایک طبی ذریعے نے اناطولو ایجنسی کو بتایا کہ اس کے علاوہ، ایک اسرائیلی جنگی طیارے نے غزہ شہر کے نصر محلے میں ایک اپارٹمنٹ پر فضائی حملہ کیا، جس میں ایک خاتون بچے سمیت 3 فلسطینیاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ فضائی حملے سے اپارٹمنٹ تباہ اور قریبی گھروں کو نقصان پہنچا۔

بقیہ 9

پاکستان کا پہلا سرکاری دورہ ہوگا۔ دورے کے دوران انیتا آنند پاکستان کی سیاسی قیادت سے ملاقاتیں کریں گی۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار سے ملاقات میں پاک کینیڈا تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور عوامی رابطوں میں تعاون مضبوط بنانے پر بات ہوگی۔ دونوں وزرائے خارجہ علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔

بقیہ 10

مذموم سیاسی عزائم کیلئے ملکی سلامتی کے اداروں کیخلاف گمراہ کن پروپیگنڈا میں مصروف ہیں، نورین نیازی ملک دشمن ایجنڈے پر بھارتی گودی میڈیا کے ساتھ مل کر پاکستان مخالف مہم کا حصہ بن چکی ہے۔ راسے منسلک بھارتی گودی میڈیا نورین نیازی کے معرکہ حق سے متعلق متنازع بیان کو خبروں کی زینت بنا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی نے سیاسی مفاد کیلئے ایک انٹرویو میں معرکہ حق پر افواج پاکستان کو بے جا تنقید کا نشانہ بنایا۔ نورین نیازی نے معرکہ حق میں پاک افواج کی شاندار فتح کو نظرانداز کرتے ہوئے اسے اسرائیل سے جوڑنے کی کوشش کی، اس سے قبل بھی بھارتی میڈیا پر نورین نیازی اپنے اشتعال انگیز بیانات میں پاکستان

سپورٹس sports

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے عالمی شہرت یافتہ برطانوی پاکستانی باکسر عامر خان ملاقات کررہے ہیں

یوسف رضا گیلانی سے باکسر عامر خان کی ملاقات

کھیلوں کے فروغ، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص پر گفتگو

کھیل نوجوانوں میں نظم وضبط اور مثبت سوچ کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہیں، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (پیپانیوز) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے عالمی شہرت یافتہ برطانوی پاکستانی باکسر عامر خان نے اتوار کو اسلام آباد میں انکی سرکاری رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں، کھیلوں کے فروغ، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص، اوورسیز پاکستانیوں کے کردار، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ایشین ہاکی انڈر 18 ورلڈ کپ کوالیفائنگ ٹورنامنٹ (آج) سے شروع

پاکستان مینز انڈر 18 ٹیم اپنا پہلا میچ میزبان عمان کے خلاف شام 6 بجے کھیلے گی

پاکستان ویمنز انڈر 18 ٹیم بھی اپنی مہم کا آغاز (آج) شام عمان کیخلاف میچ سے کریگی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) عمان کے دارالحکومت مسقط میں ایشین ہاکی انڈر 18 ورلڈ کپ کوالیفائنگ ٹورنامنٹ (آج) پیر سے شروع ہوگا۔شیڈول کے مطابق پاکستان مینز انڈر 18 ٹیم اپنا پہلا میچ 20 جولائی کو میزبان عمان کے خلاف شام 6 بجے کھیلے گی، جبکہ اسی روز دوسرا میچ بنگلہ دیش کے خلاف رات 9:30 بجے ہوگا۔قومی ٹیم 21 جولائی کو روایتی حریف بھارت کے مدمقابل رات 9:30 بجے میدان میں اترے گی۔دوسرے مرحلے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

گلوبل سپر لیگ کھیلنے لاہور قلندرز گیانا پہنچ گئی

نوجوان پاکستان کرکٹ کیلئے قیمتی اثاثہ ثابت ہونگے، عاطف رانا

گلوبل سپر لیگ 23 جولائی سے یکم اگست تک گیانا نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلی جائے گی

اسلام آباد (پیپانیوز) گلوبل سپر کرکٹ لیگ کھیلنے کیلئے لاہور قلندرز کی ٹیم گیانا پہنچ گئی، لاہور قلندرز کے مالک عاطف رانا کے مطابق فرنچائز کا مقصد مستقبل کے اسٹارز تیار کرنا ہے، اسی وژن کے تحت ایکسون موبل گلوبل سپر لیگ کیلئے نوجوان اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ڈھاکہ، ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپئن شپ میں شرکت کرنیوالی پاکستانی خواتین کھلاڑیوں کا فوٹو

محسن گیلانی کی یو این فورم ون ورلڈ، ون گیم ون گول میں شرکت

اقوام متحدہ میں پاکستان کے فٹبال فارمینٹل ہیلتھ اقدام کی بھرپور پذیرائی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی نے اقوامِ متحدہ کے عالمی فورم ون ورلڈ، ون گیم ون گول میں شرکت کی، یو این عالمی فورم پر پاکستان کے فٹبال فارمینٹل ہیلتھ اقدام کو بھرپور پذیرائی ملی۔میڈیا رپورٹ کیمطابق فٹبال فارمینٹل ہیلتھ اقوام متحدہ یوتھ آفس کا منصوبہ ہے۔اس فورم میں برازیل، انڈونیشیا، نائجیریا، انگلینڈ اور پاکستان کے نمائندوں نے شرکت کی۔صدر پی ایف ایف محسن گیلانی نے اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطحی فورم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کامرس

پاکستان علاقائی تجارت کا مرکز بننے کی طرف گامزن

ازبکستان نے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کردیا

گوادر تک رسائی کیلئے افغانستان بائی پاس، نئے راستوں سے ترسیل

باکو (پیپانیوز) پاکستان وسطی ایشیائی ریاستوں کو گوادر اور کراچی بندرگاہ سے منسلک کرکے علاقائی تجارت کا مرکز بننے کیلئے فعال اقدامات کررہا ہے۔آذربائیجان کے میڈیا دی کیسپیئن پوسٹ کے مطابق ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کیلئے افغانستان کو بائی پاس کرتے ہوئے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کردیا ہے۔دی کیسپیئن پوسٹ کے مطابق تاشقند نے پاک ایران سرحد پر واقع گبد ریمدان بارڈر کے ذریعے زرعی مشینری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

چین پاکستان سے گوشت کی برآمدات بڑھانے پر آمادہ

پاکستان میں جدید سلاٹر ہاؤسز، میٹ پروسیسنگ سہولیات اور برآمدی انفراسٹرکچر کو فروغ دیا جائیگا

وزیر فوڈ سیکورٹی کی زیرصدارت چینی وفد کے اجلاس، لائیو اسٹاک کی ترقی کیلئے اقدامات پر اتفاق

اسلام آباد (پیپانیوز) پاکستان اور چین نے لائیو اسٹاک اور گوشت کی برآمدات کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیرصدارت چینی وفد کے ساتھ اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں دونوں ممالک نے گوشت کی برآمدات میں اضافے اور لائیو اسٹاک شعبے کی ترقی کیلئے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا۔اس تعاون کے تحت پاکستان میں جدید سلاٹر ہاؤسز، میٹ پروسیسنگ سہولیات اور برآمدی انفراسٹرکچر کے قیام کو فروغ دیا جائے گا، پاکستان چین کو اعلیٰ معیار کے حلال گوشت کی برآمدات بڑھانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

لاہور، نوجوان ہنرمند کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں کھڈی پر قالین تیار کررہا ہے

نان بائیوں کا روٹی، نان کی قیمتوں میں خود اضافہ کرنے کا اعلان

روٹی کی نئی قیمت 25 روپے اور نان کی قیمت 35 روپے مقرر کردی گئی

لاہور (پیپانیوز) ملک میں بڑھتی مہنگائی کے باعث عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگیا، نان بائیوں نے روٹی اور نان کی قیمتوں میں خود اضافہ کرنے کا اعلان کردیا۔نان بائیوں کے مطابق روٹی کی قیمت میں 9 روپے جبکہ نان کی قیمت میں 10 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد روٹی کی نئی قیمت 25 روپے اور نان کی قیمت 35 روپے مقرر کردی گئی ہے۔نان بائیوں کا کہنا ہے کہ آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث پرانے نرخوں پر روٹی اور نان کی فروخت ممکن نہیں رہی، 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2400 روپے تک پہنچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

رواں سال کتنے ارب روپے کے موبائل فونز درآمد ہوئے؟ اعداد و شمار جاری

ملک میں اسمارٹ موبائل فونز کی درآمد میں 29 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (پیپانیوز) ملک میں سالانہ بنیادوں پر اسمارٹ فونز کی درآمد میں 29 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوگیا۔وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ 11 ماہ کے دوران ایک ارب 74 کروڑ ڈالر سے زائد مالیت کے اسمارٹ فونز باہر سے منگوائے گئے۔ 39 کروڑ سے زائد کا دیگر ٹیلی کام سامان بھی امپورٹ ہوا۔رپورٹ کے مطابق جولائی تا مئی 1 ارب 74 کروڑ 75 لاکھ 33 ہزار ڈالر کے موبائل درآمد ہوئے، پاکستانی کرنسی میں درآمدی موبائل فونز کی مالیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

روزانہ پیٹرولیم قیمتوں کے تعین پر ٹینکر مالکان کا شدید تحفظات کا اظہار

وفاقی وزیرِ پیٹرولیم کو ہنگامی خط ارسال کردیا، پرانا نظام بحال کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (پیپانیوز) آئل ٹینکر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیرِ پیٹرولیم کو ہنگامی خط ارسال کرتے ہوئے پیٹرولیم مصنوعات کی روزانہ بنیادوں پر قیمتوں کے تعین پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔خط میں موقف اختیار کیا گیا کہ ڈیلی پرائسنگ کے نظام سے ٹینکر انڈسٹری کو شدید مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور کاروبار چلانا مشکل ہو جائے گا، ایسوسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

موسون میں شہر کے پارکوں کو پودوں سے بھر دیں گے، ایم ڈی پی ایچ اے

MDPHA سید وسیم حسن کا شہر کی گرین بیلٹس اور پارکوں کا دورہ، مون سون شجرکاری بارے اقدامات کا جائزہ

شاہ شمس پارک کو جدید خطوط پر استوار کررہے ہیں، منصوبوں کو جلد اور معیاری اور شفاف انداز سے مکمل کیا جائیگا، وسیم حسن

ملتان (سٹی رپورٹر) ایم ڈی پارٹی کلچر ایجنسی ملتان سید وسیم حسن کا شہر کی گرین بیلٹس اور پارکوں کا دورہ۔ پارکوں اور گرین بیلٹس پر مون سون شجرکاری بارے اقدامات کا جائزہ۔شاہ شمس جھیل اور کیفے کی تعمیر کا بھی جائزہ ڈائریکٹر انجینئرنگ عدنان بٹ اور ڈائریکٹر ہارٹی کلچر سعد قریشی بھی موجود تھے۔مون سون شجرکاری کے لیے گرین بیلٹس اور پارکوں میں بھرپور شجرکاری کی جائے گی۔شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے۔شاہ شمس پارک کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ملتان، ایم ڈی پی ایچ اے سید وسیم حسن عیدگاہ پارک، قادر پوراں کا دورہ کررہے ہیں

آزاد کشمیر انتخابات، چہلم امام حسینؓ اور ایم ڈی کیٹ کے پیش نظر سیکیورٹی پلان فائنل

کمشنر اشفاق احمد چوہدری کی زیرصدارت اجلاس، سیکیورٹی، ٹریفک، ریسکیو اور امتحانی انتظامات کا جائزہ، متعلقہ اداروں کو پیشگی تیاریاں مکمل کرنے کا حکم

تینوں اہم سرگرمیوں کے دوران عوامی سہولت، فول پروف سیکیورٹی اور قانون پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے، اشفاق احمد چوہدری

ڈیرہ غازی خان (ڈسٹرکٹ رپورٹر رانا جی جعفر) ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں آئندہ ہفتوں کے دوران آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات، چہلم حضرت امام حسینؓ اور میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز کے انٹری ٹیسٹ (ایم ڈی کیٹ) کے انعقاد کے پیش نظر انتظامی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن اشفاق احمد چوہدری نے اعلیٰ سطحی اجلاس میں تینوں اہم مواقع کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

ڈیرہ غازیخان، کمشنر اشفاق احمد چوہدری اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مانسہرہ، سیاحوں کی گاڑی کھائی میں جا گری، 4 جاں بحق

1 شخص زخمی، حادثے کا شکار ہونے والے سیاحوں کا تعلق سیالکوٹ سے تھا

جاں بحق ہونیوالوں میں 2 خواتین شامل، حادثے کی وجہ جاننے کیلئے تحقیقات شروع

مانسہرہ (پیپانیوز) مانسہرہ کے علاقے کیوائی میں سیاحوں کی گاڑی گہری کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں دو خواتین سمیت چار افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔نجی ٹی وی کے مطابق ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کا شکار ہونیوالے سیاحوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت ضلع خانیوال میں شہری و دیہی ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری

خانیوال (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے تحت ضلع خانیوال میں شہری و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

ویمن یونیورسٹی ملتان آج انسٹی ٹیوٹ آف فزکس کا افتتاح، اور پراجیکٹ ایگزیبیشن کی نمائش

ملتان (ایجوکیشن رپورٹر) ویمن یونیورسٹی ملتان میں انسٹی ٹیوٹ آف فزکس کی افتتاحی تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

بدعنوانی کیخلاف مؤثر مہم بلاامتیاز جاری رہیگی، بیرسٹر عقیل ملک

احتساب کے عمل میں کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی

حکومت شفافیت، احتساب اور عوامی مسائل کے حل کیلئے پرعزم ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (پیپانیوز) وزیرِ مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر حکومت کی جانب سے شروع کردہ بدعنوانی کے خلاف مؤثر مہم بلاامتیاز جاری رہے گی، احتساب کے عمل میں کسی کو بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح، ڈپٹی کمشنر

خدمات کی انجام دہی میں غفلت، غیرحاضری یا شہریوں کی شکایات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی، حنا ارشد

ملتان: سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو سرکل ساجد حسین گوندل آپریشنل/ریونیو افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

خانیوال (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر حنا ارشد نے چھٹی کے روز تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میاں چنوں کا اچانک دورہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرامیڈیکل عملے کی حاضری چیک کی۔انہوں نے زیرعلاج مریضوں اور ان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

احمد پور شرقیہ اور اوچ شریف میں پیٹرول کی شدید قلت، پیٹرول پمپس بند

پیٹرول کا اسٹاک مکمل طور پر ختم ہو چکا، آئل کمپنیوں کی جانب سے نیا اسٹاک فراہم نہیں کیا جا رہا، رپورٹ

احمد پور شرقیہ (نمائندہ خصوصی) پیٹرول کے شدید بحران نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا، شہر کے تمام پیٹرول پمپس بند ہونے سے گاڑیوں کے مالکان شدید پریشانی کا شکار ہوگئے۔رپورٹ کے مطابق اوچ شریف میں بھی تمام پیٹرول پمپس بند رہے جبکہ پیٹرول نایاب ہو چکا ہے۔پمپ مالکان کے مطابق ان کے پاس پیٹرول کا اسٹاک مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے اور آئل کمپنیوں کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

پشاور، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے معروف گلوکار رحیم شاہ ملاقات کررہے ہیں

ایف آئی اے کا کریک ڈاؤن، 5 انسانی سمگلرز گرفتار کرلئے

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کارروائی کرتے ہوئے 5 مبینہ انسانی سمگلرز کو گرفتار کرلیا۔ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں انعام الحق، رمضان، جاوید، صدیق اور فیصل شامل ہیں، جو عمرہ پیکجز، ویزہ فراڈ اور بیرون ملک ملازمت کا جھانسہ دے کر شہریوں سے رقوم بٹورنے میں مطلوب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

12 سالہ مبینہ موٹر سائیکل چور کے چرچے، ویڈیو سامنے آگئی

بہاولپور (بیورو چیف) محمدیہ کالونی سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث 12 سالہ بچے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی ہے۔سی سی ٹی وی ویڈیو میں مبینہ ملزم کو موٹر سائیکل کا لاک توڑ کر اسے لے جاتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔پولیس کے مطابق موٹر سائیکل چوری کے مقدمات درج کرلیے گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

لودھراں، 2024 میں لڑکی سے زیادتی کرنیوالے مجرم کو سزا

لودھراں (سٹی رپورٹ) لودھراں سیشن کورٹ میں لڑکی سے زیادتی کے کیس میں مجرم کو 25 سال قید بامشقت کی سزا سنادی گئی۔مجرم وقاص پر 2 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔عدالتی حکم میں مجرم کو متاثرہ خاتون کو 15 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔مجرم نے 2024 میں 25 برس کی لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنایا تھا لودھراں سیشن کورٹ میں لڑکی سے زیادتی کے کیس میں مجرم کو 25 سال قید بامشقت کی سزا سنادی گئی

ڈگریوں کی تصدیق نہ کرانے والے 1133 وکلا کے لائسنس معطل

مقررہ مدت گزرنے کے باوجود 1133 وکلا اپنی ایچ ای سی سے تصدیق شدہ ڈگریاں جمع نہ کرا سکے

شاہ عبداللطیف بھٹائی یونیورسٹی سے متعلق مزید 62 وکلا کے لائسنس بھی معطل، کارروائی فرحیات کی منظوری سے کی گئی

لاہور (پیپانیوز) پنجاب بار کونسل نے ڈگریوں کی تصدیق کے معاملے پر اپنی تاریخ کی بڑی کارروائی کرتے ہوئے ہائر ایجوکیشن کمیشن سے ڈگریوں کی تصدیق نہ کرانے والے 1133 وکلا کے لائسنس معطل کردیئے۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی یونیورسٹی سے متعلق مزید 62 وکلا کے لائسنس بھی معطل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

لاہور، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی جامعہ نعیمیہ میں تقریب سے خطاب کررہے ہیں

19 تا 23 جولائی شدید بارشوں کا الرٹ جاری، سیلاب کا خدشہ

20 سے 23 جولائی گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور بالائی پنجاب کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارشوں کا امکان ہے

ڈی جی خان، راجن پور، راولپنڈی، اسلام آباد، پشاور، لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، نارووال کے مختلف علاقوں میں فلیش سیلاب کا خطرہ

کوئٹہ: جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ صوبائی شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد (پیپانیوز) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے 19 سے 23 جولائی کے دوران ملک کے مختلف علاقوں میں شدید مون سون بارشوں، فلیش سیلاب، دریاؤں میں طغیانی اور اربن فلڈنگ کا الرٹ جاری کردیا ہے۔این ڈی ایم اے کے مطابق 20 سے 23 جولائی تک مون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

رجسٹرار جوائنٹ سٹاک کمپنیز ساہیوال کا کارنامہ، مردہ عہدیداروں کی انجمن رجسٹرڈ

ڈپٹی کمشنر کے حکم پر انکوائری کے دوران تمام دستاویزات بوگس پائی گئیں اور 12 مارچ 2026 کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ منسوخ کردیا

راولپنڈی: وفاقی وزراء حنیف عباسی، مریم اورنگزیب اور بیرسٹر دانیال چوہدری نئے ماڈل راجہ بازار کا دورہ کررہے ہیں

ساہیوال (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ آفیسر رجسٹرار جوائنٹ سٹاک کمپنیز ساہیوال نے مردہ عہدیداروں کے نام پر رجسٹرڈ کی گئی انجمن جعفریہ فرید ٹاؤن ساہیوال کی رجسٹریشن منسوخ کردی ہے۔اس کی رجسٹریشن ذیشان عباس جعفر سکیم نمبر 3 فرید ٹاؤن نے 1979 سے لے کر 2026 تک 47 سال کے جن عہدیداروں کے نام لکھ کر ہر سال کی رجسٹریشن کے لیے بوگس دستاویزات فراہم کیں 10 سال سے لے کر 20 سال قبل تک وفات پا جانے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

نشہ آور چیز پلا کر نوجوان کا گینگ ریپ، نیم مردہ حالت میں سڑک کنارے پھینک دیا

زیادتی کے بعد ان کے بیٹے کو جان سے مارنے کی بھی کوشش کی گئی جبکہ جائے وقوعہ کا پورا کمرہ خون آلود تھا، والد کا بیان

رحیم یار خان (سٹی رپورٹ) رحیم یار خان میں 18 سالہ طالب علم سے مبینہ اجتماعی جنسی زیادتی کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق نوجوان کو مبینہ طور پر ورغلا کر سالگرہ کا بہانہ بنا کر ایک رہائشی عمارت میں لے جایا گیا، جہاں اسے مبینہ طور پر نشہ آور چیز پلائی گئی۔مقدمے کے متن کے مطابق تین سے چار افراد نے باری باری نوجوان کو مبینہ طور پر جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا، جبکہ بعد ازاں اسے نیم مردہ حالت میں بائی پاس روڈ کے کنارے پھینک دیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

چنیوٹ: چک 146 بھوکری چوک میں قائم مفت طبی کیمپ میں مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی جارہی ہیں

ساہیوال میں نجی کالونی پر قبضہ کے لئے فائرنگ

خوف وہراس، گھر پر مافیا کی یلغار، دو مقدمات درج 9 ملزم گرفتار

ساہیوال (بیورو چیف) نجی کالونی پر قبضہ کے لیے فائرنگ، خوف وہراس، گھر پر بھی قبضہ کی یلغار، مقدمات درج، 9 ملزم گرفتار۔ چک 88 چھ آر میں محمد فاروق رشید سعودی عرب پلٹ کی کالونی پر قبضہ کے لیے رانا عتیق، رانا احسن، رانا جاوید، محمد اشرف، سلیمانہ بیوہ، محمد قاسم ضیاء نے چھ ساتھیوں کے ہمراہ دھاوا بول دیا اور فائرنگ کر کے خوف وہراس پھیلا دیا۔کالونی کے منیجر محمد ابوبکر پر تشدد کیا 15 کال پر پولیس کی آمد پر ملزم فرار ہو گئے۔محمد فاروق رشید سعودی عرب پلٹ نے شیخ ضیاالحق سے مل کر 144 کنال رقبہ پر ایک کالونی بنائی جب 16 دسمبر 2019 کو شیخ ضیاالحق وفات پا گیا تو اسکی بیوہ سلیمانہ ضیاالحق نے اپنا حصہ 6 کروڑ 25 لاکھ دس ہزار روپے میں فروخت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

کاش مولانا پوری بات کرتے، حافظ طاہر اشرفی کا مولانا فضل الرحمان کو جواب

جب بھی بات کریں پورا سچ بیان کریں آدھا نہیں، تمسخر اڑایا تو جواب دینا پڑے گا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان علماء کونسل کے سربراہ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے جمعیت علمائے اسلام ف کے قائد مولانا فضل الرحمان کے وکلاء کنونشن میں دیئے گئے بیان پر شدید ردِعمل کا اظہار کیا ہے، انہوں نے مولانا فضل الرحمان پر آدھا سچ بولنے اور غلط بیانی کے ذریعے تمسخر اڑانے کا الزام عائد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اگر ایسا رویہ برقرار رہا تو پھر انہیں بھرپور جواب کا سامنا کرنا پڑے گا۔تفصیلات کے مطابق اپنے ایک ویڈیو بیان میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے ردِعمل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت ہم مولانا فضل الرحمان اور ان کے پورے گروپ کے اعصاب پر پوری طرح مسلط ہو چکے ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے خطابات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

منشیات کیخلاف جنگ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری، راجویر سنگھ

نوجوان نسل کو منشیات جیسی مہلک لعنت سے محفوظ بنانا وقت کا سب سے بڑا قومی تقاضا ہے

کراچی (پیپانیوز) وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے انسانی حقوق راجویر سنگھ سوڈھا نے کہا ہے کہ منشیات کے خلاف جنگ صرف حکومت یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔نوجوان نسل کو منشیات جیسی مہلک لعنت سے محفوظ بنانا وقت کا سب سے بڑا قومی تقاضا ہے، کیونکہ آج منشیات ہماری نئی نسل، تعلیمی اداروں اور معاشرتی اقدار کے لیے سنگین خطرہ بنتی جارہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے نارتھ کراچی میں اے کے ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام چیئرمین ملک عبدالناصر خلجی ایڈووکیٹ کی دعوت پر منعقدہ شاندار انسدادِ منشیات آگاہی واک اور عظیم الشان سیمینار سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

راکھی گاج تا بواٹا کی خستہ حالی پر ڈپٹی کمشنر کا ہنگامی نوٹس، NHA کو مراسلہ جاری

ڈپٹی کمشنر کی عوام کی جان ومال کے تحفظ اور بین الصوبائی ٹریفک کی بلاتعطل روانی کو یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت

متاثرہ مقامات پر فوری مرمتی کام شروع کیا جائے، کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کیلئے بروقت اقدامات ناگزیر ہیں، عثمان خالد

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد نے بین الصوبائی شاہراہ کوئٹہ روڈ راکھی گاج تا بواٹا کی خستہ حالی کا نوٹس لیتے ہوئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے متعلقہ حکام کو سڑک کی ہنگامی مرمت اور بھاری مشینری کی فوری تعیناتی کے لیے مراسلہ جاری کردیا ہے۔ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر جاری مراسلے میں کہا گیا ہے کہ راکھی گاج کے پہاڑی علاقے میں سڑک متعدد مقامات پر شدید متاثر ہو چکی ہے۔محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد: 1 مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی چوہدری شہباز گجر اپنے دفتر میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

آئی جی آزاد کشمیر کا ریاست مخالف عناصر کیساتھ مذاکرات سے انکار

پولیس اہلکاروں کو بے دردی سے شہید اور ان کی لاشوں کی بے حرمتی کرنیوالوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جاسکتی

معصوم شہریوں پر تشدد کرنے والوں کے ساتھ ریاست پوری طاقت سے نمٹے گی، لیاقت علی ملک

کراچی (پیپانیوز) آئی جی آزاد جموں وکشمیر پولیس نے پرتشدد اور ریاست مخالف عناصر سے مذاکرات سے انکار کردیا۔آئی جی آزاد کشمیر پولیس لیاقت علی ملک نے ریاست مخالف عناصر سے مذاکرات کے مطالبات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پولیس اہلکاروں کو بے دردی سے شہید اور ان کی لاشوں کی بے حرمتی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جا سکتی۔انہوں نے کہا کہ کیا کوئی اپنے بھائی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

لاہور، شہری انارکلی چوک کے قریب لگے سٹالز پر پرانی کتابیں دیکھ رہے ہیں

جعلی ریزیڈنٹ کارڈ پر بیرون ملک جانیوالے 3 مسافر آف لوڈ

FIA نے 3 مسافروں کو کلیئرنس دینے والا امیگریشن اہلکار سمیت حراست میں لے لیا

ملتان (کرائم رپورٹر) ڈائریکٹر ایف آئی اے ملتان زون عطاالرحمن کی ہدایت پر ایف آئی اے امیگریشن نے جعلی ریزیڈنٹ کارڈ پر 3 مسافروں محمد آکاش، شاہزیب، محمد شعیب کی بیرون ملک نجی پرواز ایف زیڈ 326 کے ذریعے دبئی جانے کی کوشش ناکام بنا کر کلیئرنس کرنے میں ملوث امیگریشن اہلکار کو بھی حراست میں لے لیا۔گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

جعلی ریزیڈنٹ کارڈ پر بیرون ملک جانیوالے مسافر FIA کی تحویل میں

میاں چنوں: MPA رانا بابر حسین کی گرین فورٹ کالونی آمد

جنڈیالی بنگلہ میں ریسکیو 1122 کے سب اسٹیشن کا افتتاح رانا بابر حسین نے کیا

میاں چنوں (رانا محمد اشفاق خاں سے) سدا بہار عوامی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) رانا بابر حسین اور چوہدری نعیم اشرف نے گرین فورٹ کالونی کا دورہ کیا اور وہاں واقع عمران جٹ سپر سٹور پر اہل علاقہ سے خصوصی ملاقات کی۔کالونی پہنچنے پر معززین علاقہ چوہدری عمران جٹ، مہر اللہ بخش لوہڑی، چوہدری منور، رانا نوید، رانا طارق، چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

میاں چنوں، MPA رانا بابر حسین جنڈیالی بنگلہ میں ریسکیو 1122 کے سب اسٹیشن کا افتتاح کررہے ہیں

گزشتہ ہفتے چائلڈ پروٹیکشن نے 7 بچوں کو حفاظتی تحویل میں لیا

شہر کے مختلف علاقوں سے بھکاری، گھر سے بھاگے، گمشدہ اور دیگر بچوں کو حفاظتی تحویل میں لیا جارہا ہے

ملتان (سٹی رپورٹر) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کی ہدایت پر چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کی جانب سے انسدادِ گداگری مہم اور ریسکیو آپریشن جاری ہیں روزانہ کی بنیاد ملتان شہر کے مختلف علاقوں سے بھکاری، گھر سے بھاگے، گمشدہ اور دیگر بچوں کو حفاظتی تحویل میں لیا جارہا ہے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی جانب سے گزشتہ ہفتے کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

لاہور، زائرین کی آسان رسائی کیلئے داتا دربار کے نزدیک جدید انفراسٹرکچر کا خوبصورت منظر

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد جنید ملک نے درانی آرٹ پریس ملتان سے چھپوا کر مکان نمبر 11 گلی نمبر 08 بلاک یونیو ملتان سے شائع کیا۔ ریذیڈنٹ ایڈیٹر: اسداللہ داؤدی
فون نمبر: 0302-8652233 asiaurdu1@gmail.com